askaribank LIMITED

نقد منافع (D-26) کی منتقلی کا نوٹس

ہم اپنے حصص داران کو بمسرت اطلاع دیتے ہیں کہ عسکری بینک لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس منعقدہ 27 اپریل 2026 میں 31 دسمبر 2026 کو ختم ہونے والے سال کے لیے اعلان کردہ پہلے عبوری نقد منافع (D-26) بحساب 2.0 روپے فی شیئر یعنی 20 فیصد بذریعہ الیکٹرانک طریقہ کار براہ راست ان حصص داران کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹس میں منتقل کیا جا چکا ہے جو اپنے مؤثر انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) فراہم کر چکے ہیں۔

حصص داران اپنے نقد منافع کی حیثیت جاننے کے لیے سینٹرل ڈیپازٹری کمپنی آف پاکستان (CDC) کی ویب پورٹل ای سروسز پر سینٹرالائزڈ کیش ڈیویڈنڈ کے رجسٹر (CCDR) تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں جیسا کہ ادا شدہ یا غیر ادا شدہ، اس میں بینک کی طرف سے روکی گئی نقد منافع کی کل رقم، ٹیکس کٹوتی اور نقد منافع کی مختص کردہ بینک اکاؤنٹس (IBANs) میں منتقلی شامل ہے۔

مذکورہ بالا معلومات حاصل کرنے کیلئے حصص داران سے درخواست ہے کہ وہ خود کو سی ڈی سی کے ای سروسز پورٹل لنک **https://csp.cdcaccess.com.pk** پر رجسٹر کریں۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 اور کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017 کی تعمیل میں، بینک نے ان حصص داران کے نقد منافع (D-26) کو روک دیا ہے جنہوں نے ابھی تک اپنی مکمل بینک تفصیلات بشمول CNIC اور IBAN کی مؤثر نقول فراہم نہیں کیں۔

لہٰذا، ایسے حصص داران واضح اور مؤثر CNIC کی کاپی اور اپنے بینک اکاؤنٹس کی مکمل تفصیلات بشمول 24 ہندسوں پر مشتمل IBAN بینک کی ویب سائٹ **www.askaribank.com** پر دستیاب ''فارم فار ڈیویڈنڈ مینڈیٹ'' پر درج کر کے سی ڈی سی پارٹیسپنٹ / اسٹاک بروکر / انویسٹر اکاؤنٹ سروسز (سی ڈی ایس میں شیئر ہولڈنگ ہونے کی صورت میں) اور بینک کے شیئر رجسٹرار (فزیکل فارم میں شیئر ہولڈنگ ہونے کی صورت میں) کو فراہم کریں تاکہ بینک آپ کے نقد منافع کو الیکٹرانک ذریعے سے منتقل کر سکے۔

CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار ڈیپارٹمنٹ، میزنائن فلور، ساؤتھ ٹاور، LSE پلازہ، 19- خیابان ایوان اقبال، لاہور۔ فون: 66-042-36362061 یو آر ایل: info@cdcsrsl.com ای میل: info@cdcsrsl.com

فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو تجویز دی جاتی ہے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز اسکرپ لیس شکل میں رکھیں جیسا کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72(2) اور ایس ای سی پی کے نوٹیفکیشن میں درج ہے۔

راولپنڈی
20 مئی 2026

سید علی صفدر نقوی
کمپنی سیکریٹری

Press Ad Urdu 17x2 Col